
© rasailojaraid.com

حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: رحمت عالم ﷺ نے فرمایا    مفہوم وتشریح: پروفیسر علامہ مضطر عباسیؒ    ترتیب وتدوین: امجد بٹ

رحمۃ عالم ﷺ کے ارشادات وفرمودات پر عمل کرنے اور اس کے پھیلانے میں نہ صرف ایک فرد کی فلاح و صلاح مضمر ہے بلکہ ہر حدیث اپنی جگہ ایک بحرِ ذخار کی حیثیت سے ہزاروں اسرار ورموز کا خوبصورت ترین گلدستہ ہوتا ہے۔ اگر انسانیت چاہے تو اس کی مہک سے پوری دنیا کو گمراہیوں، ظلمتوں سے نجات دلا کر اس عالم کو امن وآشتی کا گہوارہ، دنیا وآخرت میں کامیابی وکامرانی کا ذریعہ بنایا جاسکتا ہے۔ قرون اولیٰ سے آج تک بلکہ تا روز قیامت سید الانبیاء کی احادیث مبارکہ کے جمع کرنے، پڑھانے اور پھیلانے کا سلسلہ جاری ہے۔ اور انشاء اللہ جاری رہے گا۔ جمع کرنے کی تشریح وتفصیل جو اصول وقواعد کے مطابق ہوں کرنے میں بے شمار فوائد اور امت کے رہنمائی کے نئے نئے جہت نکھر کر سامنے آتے ہیں۔ اسی سعی کا بہترین نتیجہ ''رحمت عالم حضرت محمدؐ نے فرمایا'' کتاب کی شکل میں میرے سامنے موجود ہے۔ جو بندہ کے ایک محترم دوست علامہ مولانا مضطر عباسی مرحوم ومغفور کی کاوشوں کا ثمرہ ہے۔ عباسی صاحب نہ صرف عالم دین بلکہ مختلف زبانوں پر عبور اور جدید علوم میں مہارت رکھنے والے شخصیت تھے۔ گوشہ گمنامی میں رہتے ہوئے احکامات الٰہی پھیلانے کیلئے بے چین رہتے۔ عالمی زبان (سپرانتو) کو صرف اسلئے سیکھا اور دوسروں کو سکھلانے کیلئے مدت تک سرگرم رہے کہ یہ لغت دنیا کے اکثر حصہ میں انگریزی سے زیادہ سمجھی اور پڑھی جاتی ہے۔ اسی زبان میں غیر مسلم دنیا کو اسلامی تعلیمات سے آشنا کر کے اسلام کا دلدادہ بنایا جاسکتا ہے۔ ''منتخب احادیث مع وضاحت'' میں بھی ان کا یہی دینی جذبہ کارفرما ہے۔ عملی زندگی میں قدم قدم پر ہدایت اور رہنمائی کے لئے حضورؐ کے جن زرین اقوال کی ضرورت پڑتی ہے، انتہائی محنت سے مختصر لفظی ومعنوی اردو تشریح کیساتھ ساتھ عالمی اسپرانتو زبان میں بھی وضاحت وتفصیل ذکر کردی۔ جیسے کہ کتاب کی ابتداء میں اس مجموعہ کو مرتب ومدون کرنے والے مرحوم کے دست راست جناب امجد بٹ صاحب نے تحریر فرمایا ہے۔ کہ ان اہم ترین احادیث کو جمع اور عالمی زبان میں ترجمہ ومفہوم تحریر کرنے میں علامہ کا ایک غرض غیر مسلموں کو بھی حضور اکرم ﷺ کا عالمگیر پیغام پہونچانے کیساتھ اردو اور اسپرانتو قارئین تک عالمگیر معیار کی احادیث کو سلیس اندازِ بیان ایک وضاحت کیساتھ پہونچانا مقصود تھا۔ عباسیؒ مرحوم جیسے جامع کمالات، عالم کے پیش نظر اس کتاب کے مرتب [illegible] اغراض تھے، انکے اخلاص نیت کو مدنظر رکھتے

© rasailojaraid.com